Text of Urdu News

24-07-2026

09:25 am

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میناعجازہ اختر

پی ایم

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سرکار نے نیٹ پیپر لیک معاملے پر پچھلے ڈیڑھ مہینے کے دوران سنجیدگی سے کارروائی کرتے ہوئے قصورواروں کو گرفتار کیا ہے۔

کل رات دیر گئے جاری کئے گئے اپنے ایک ویڈیو پیغام میں انہوں نے کہا کہ انہوں نے پیپر لیک معاملات کی چارہ جوئی کیلئے فاسٹ ٹریک عدالتیں قائم کرنے کی ہدایت دی جس پر متعلقہ محکموں نے سرعت کے ساتھ کارروائی کی۔

وزیراعظم نے کہاکہ سرکار پارلیمنٹ میں اگلے ہفتے اس تعلق سے ایک بل پیش کرے گی اورمجوزہ بل پر آج کابینہ میٹنگ میں غور وخوض کیاجائے گا۔

(پی ایم )...........V/o...........

فاسٹ ٹریک عدالت

اس دوران دلی ہائی کورٹ نے امتحانوں کے سوالنامے لیک ہونے کے معاملات کی شنوائی کیلئے ایک فاسٹ ٹریک عدالت کا قیام عمل میںلایا ہے۔ یہ عدالت پبلک ایگزامنیشن ایکٹ کے تحت ایسے سبھی معاملات کی شنوائی کرے گی ۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی نے کل اپنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نیٹ پیپر لیک معاملے کی چارہ جوئی کیلئے فاسٹ ٹریک عدالت کے قیام کا اعلان کیا تھا۔

وانگچک

ادھر نئی دلی میں احتجاج پر بیٹھے سماجی کارکن سونم وانگچک نے اپنی بھوک ہڑتال ختم کی ہے۔ سونم وانگچک نے سرکار کی طرف سے ملی یقین دہانیوں کے بعد نئی دلی کے ایک ہسپتال میں مرکزی وزراءجے پی نڈّا اور ڈاکٹر جیتندر سنگھ کی موجودگی میں اپنی بھوک ہڑتال ختم کی۔ وہ پچھلے 26روز سے بھوک ہڑتال پر تھے۔

ایل جی ملاقات

سیو یوتھ، سیو فیوچر' فاؤنڈیشن کے چیئر مین وجاہت فاروق بٹ نے کل سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات ' کی۔ فاؤنڈیشن کی خواتین ونگ کی صدر عنیقہ نذیر اور زونل صدر جنوبی کشمیر مدثر ڈار بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کی کامیابی پر ایل جی کو مبارکباد دی۔

بی جے پی جموں کشمیرکے ترجمان گورو گپتانے بھی ایل جی کے ساتھ ملاقات کر کے جموں کشمیر میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پیدا ہوئی صورتحال اور راحت کاری اقدامات کے بارے میں انہیں جانکاری دی۔

وزیراعلیٰ

سرینگرمیں کل ملک کے مختلف حصوں سے آئے صنعت کاروں اور سرمایہ کارونکے ساتھ SKICC وزیراعلی عمر عبداللہ نے جموں کشمیر میں آنٹرپرنیورشپ کو بڑھاوا دینے کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

وزیراعلیٰ نے کہاکہ جموں کشمیرقدرتی وسائل سے مالامال ہونے کی بنا پر صنعت کاروں کیلئے ایک موزون جگہ ہے۔ انہوں نے کہاکہ سرکار یوٹی میں تجارت میں آسانی پیدا کرنے کیلئے وعدہ بند ہے۔

عمر عبداللہ نے سرمایہ کاروں کو جموں کشمیر میں سرمایہ لگانے کی دعوت دی۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے عوامی خدمات کی دستیابی میں مزید بہتری لانے اور شفافیت کا عنصر پیدا کر نے کی ضرورت پر زور دیاہے۔ وہ کل سرینگر میں مکانات وشہری ترقی محکمے کے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران اظہار خیال کررہے تھے۔

میٹنگ میں جموں کشمیرمیں ہاؤسنگ کالنیز کے قیام کیلئے چندی گڑھ کے پراپرٹی منیجمنٹ سسٹم کو اختیار کئے جانے کے امکانات کا جائزہ لیاگیا۔

ڈویژنل کمشنر

جموں کشمیرکے مختلف علاقوں میںپچھلے چند روز سے ہورہی بارشوں کے بعد کچھ دریاؤں اور ندی نالوں میں پانی کی سطح بڑھ گئی ہے۔ صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے کہا ہے کہ انتظامیہ دریائے جہلم میں پانی کی بڑھتی سطح پر مسلسل نظر رکھی ہوئے ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ کسی بھی امکانی صورتحال سے نمٹنے کیلئے صوبائی اور اضلاع کی سطح پر کنٹرول روم قائم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے جہلم اور دیگر ندی نالوں کے نزدیک رہنے والے لوگوں کو احتیاط برتنے کامشورہ دیتے ہوئے سرکارکی ایڈوائزری پر عمل کرنے کی تاکید کی ہے۔

یاترا /شاہراہ

دریں اثنا بارشوں کے بعد سرینگر-جموں شاہراہ کے کئی مقامات پر چٹانیں کھسکنے اور پسیاں گرآنے کے نتیجے میں شاہرا گاڑیوں کی آمد ورفت کیلئے آبھی بند ہے۔ ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے اطلاع دی ہے کہ شاہراہ پر کئی گاڑیاں درماندہ ہو کر رہ گئیں ہیں ، تاہم شاہراہ کو قابل آمد ورفت بنانے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔

بارشوں کے نتیجے میں شری امرناتھ جی یاترا آج مسلسل چٹھے روز بھی معطل رکھی گئی ہے۔

انور خان

بی جے پی جموں کشمیر کے سٹیٹ جنرل سیکریٹری انورخان نے جموں کشمیر میں مسلسل بارشوں کی وجہ سے پیدا ہوئی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انتظامیہ سے چوکنا رہنے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوننے حساس علاقوں کی ترجیحی بنیادوں پر نشاندہی کرکے امکانی صورتحال سے نمٹنے کیلئے اقدامات کرنے کی ضرورت پرزور دیاہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18ڈگری سیلشیس جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 اعشاریہ 9 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ